QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 110

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان کا دورہ سبی سرکل

کوئٹہ:30 اکتوبر 2025ء ۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا ہے کہ بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے اور لائن لاسز میں کمی لانے کیلئے غیر قانونی کنکشنز کا فوری طور پر خاتمہ کیا جائے یہاں خیالات کا اظہار انہوں نے کیسکو سبی آپریشن سرکل کے دورہ کے موقع پر ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر کیسکو سبی سرکل انجینئر حسن علی مگسی، ایکسین آپریشن سبی ڈویژن میر ظفر چھلگری، ڈپٹی کمرشل منیجر فاروق علی خان، ایکسیئن کنسٹرکشن ڈویژن (سبی) انجینئر برکت علی بگٹی کے علاوہ ایس ڈی اوز اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان نے کہا کہ تمام افسران وملازمین اپنے متعلقہ علاقوں میں صارفین کو بجلی فراہمی کے ساتھ ساتھ نادہندگان سے بقایاجات کی وصولی کیلئے مزید محنت سے کام کریں اور اُنھیں درست بلنگ کرکے واجبات کی وصولی کو یقینی بنائیں۔اس کے علاوہ فیلڈ آپریشن عملہ صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ بھی یقینی بنائیں اور تمام ایس ڈی اوز اپنے اپنے سب ڈویژن میں ہر فیڈر پر ایک انچارج مقرر کریں اور اپنے دفتر میں نمایاں جگہ پر اس کی فہرست نصب کریں تاکہ ہر فیڈر کی کارکردگی کے بارے میں اُسی انچارج سے ہی معلومات حاصل کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی لائنوں پر کام کے دوران حفاظتی اصولوں پر بھی سختی سے عمل درآمد کیا جائے اور اس دوران لائن اسٹاف اپنے حفاظتی آلات اور سامان کا درست استعمال بھی یقینی بنائیں۔چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے کہا کہ فیلڈ آپریشن کا عملہ اپنے دفاتر میں تمام صارفین سے خوش اخلاقی کا مظاہرہ کریں اور مکمل توجہ کے ساتھ صارف کی شکایت معلوم کرکے مختصر وقت میں بجلی بحالی کے عمل کو یقینی بنائیں۔قبل ازیں سبی آپریشن سرکل کے سب ڈویژنل افسران نے بھی کیسکو کے سربراہ کو اپنے اپنے متعلقہ علاقوں میں برقی میٹروں کی سیکورنگ، اسپیشل کامبنگ اور نادہندگان سے بقایاجات کی وصولی کے بارے میں بریفنگ دیئے۔بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو نے سبی آپریشن سرکل میں مختلف سیکشن کا معائنہ کیا۔انہوں نے اسٹاف سے ملاقات کرکے دفتری ریکارڈز کے حوالے سے اُنھیں جدید طریقہ کار اپنانے کے ساتھ ساتھ تمام آفس رجسٹرز کو اپ ڈیٹ کرنے کی بھی ہدایات دی گئیں۔

###